ماہنامہ المجیب

نظام نامۂ قواعد

دار الاشاعت خانقاہ مجیبیہ پھلواری شریف پٹنہ

تصنیف و تالیف اور نشر و اشاعت کے سلسلہ میں مجلس دار الاشاعت خانقاہ مجیبیہ کا نظام عمل

(۱) بالعموم صوبہ بہار اور بالخصوص پھلواری شریف کے فضلا، صوفیاء، شعراء اور اہل قلم حضرات کی تصنیفات اور علمی نوادر کی جمع و اشاعت اور اکابر پھلواری شریف کے سوانح حیات کی ترتیب و اشاعت۔ اہل ذوق اور ارباب ہمت حضرات کی اس میں شرکت اور اس سے فائدہ حاصل کرنے کے لئے

قواعد

لائف ممبر قسم اوّل:۔ جو صاحب نقد ایک سو روپیہ عنایت فرمائیں گے۔ ایسے علم دوست حضرات کو دار الاشاعت کی جملہ مطبوعات بلا قیمت پیش کی جائیں گی اور ادارہ ان کے قیمتی مشوروں سے مستفید ہوگا۔

لائف ممبر قسم دوم:۔ جو صاحب پچاس روپیہ عطا فرمائیں گے ان حضرات کو اعیان وطن مفت اور بقیہ مطبوعات نصف قیمت پر دی جائیں گی۔

لائف ممبر قسم سوم:۔ جو صاحب پچیس روپیہ عطا فرمائیں گے۔ انکی خدمت میں اعیان وطن نصف قیمت پر اور پانچ سال تک جو کتابیں شائع ہوں گی وہ بھی نصف قیمت پر دی جائیں گی۔

مقام اشاعت:۔ دفتر دار الاشاعت خانقاہ مجیبیہ پھلواری شریف (پٹنہ)

ضروری اعلان

خانقاہ مجیبیہ پھلواری شریف میں جو رقم بذریعہ منی آرڈر بھیجی جائے، منی آرڈر کوپن پر اس کی صراحت ہونی چاہیے کہ مرسلہ رقم کس مد کی ہے۔ جن رقوم میں مد کی صراحت نہیں ہوتی ہے اس کو معلوم کرنے کے لئے خط لکھنے پڑتے ہیں اور ظاہر ہے ایسی صورت میں کام کرنے والوں کی دقتیں بڑھ جاتی ہیں اور تعمیل حکم میں تاخیر الگ ہوتی ہے۔ بار بار اعلان کے باوجود لوگ اس طرف توجہ نہیں کرتے۔ لازم ہے کہ منی آرڈر کوپن پر صاف طور پر لکھیں اور کام کرنے والوں کو مشکلات سے بچائیں۔

محمد عبد الدیان قادری مجیبی۔ مہتمم دار العلوم مجیبیہ پھلواری شریف (پٹنہ)